[This question paper contains 2 printed pages.]

Your Roll No................

Sr. No. of Question Paper	:	**650**	**B**
Unique Paper Code	:	72142803	
Name of the Paper	:	Urdu (C) AECC	
Name of the Course	:	**B.A Prog**	
Semester	:	II	

Duration : 3 Hours | Maximum Marks : 75

Instructions for Candidates

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

1۔ مندرجہ ذیل نثری اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح مع سیاق وسباق کیجیے۔

(الف)

ہاتھ پاؤں کی محنت اوقات بسر کرنے اور روٹی کما کر کھانے کے لیے نہایت ضروری ہے اور روٹی پیدا کرنا اور پیٹ بھرنا ایک ایسی چیز ہے کہ بہ مجبوری اس کے لیے محنت کی جاتی ہے اور اسی لیے ہم دیکھتے ہیں کہ محنت مزدوری کرنے والے لوگ اور وہ جو کہ اپنی روزانہ محنت سے اپنی بسر اوقات کا سامان مہیا کرتے ہیں بہت کم کاہل ہوتے ہیں۔ محنت کرنا اور سخت سخت کاموں میں ہر روز لگے رہنا گویا ان کی طبعیت ثانی بن جاتی ہے، مگر جن لوگوں کو ان باتوں کی حاجت نہیں ہے۔ وہ اپنے دلی قوی کو بیکار چھوڑ کر بڑے کاہل اور بالکل حیوان صفت ہو جاتے ہیں۔

(ب)

ادب کے طالب علم کے سامنے یہ سوال عام طور پر آتا ہے کہ ادب کسے کہتے ہیں؟ لیکن اس کی تعریف ایک جملے میں آسانی نہیں کی جاسکتی، کوئی کہتا ہے کہ ادب زندگی کی ترجمانی کرتا ہے۔ کوئی کہتا ہے کہ ترجمانی ہی نہیں کرتا بلکہ زندگی کی تنقید کرتا ہے اور اس کی تفسیر پیش کرتا ہے۔ لیکن اجمالی طور پر ہم کہہ سکتے ہیں کہ ادب اس تحریر کو کہتے ہیں جس میں روزمرہ کے خیالات سے بہتر خیالات اور روزمرہ کی زبان سے بہتر زبان کا اظہار ہوتا ہے۔

2۔ مندرجہ ذیل شعری اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح مع شیاق وسباق کیجیے۔

P.T.O.

(الف)

غم میں بھی سرور و ہنگام آ گیا
شاید کہ دورِ بادہ گلفام آ گیا

خرد کا نام جنوں پڑ گیا، جنوں کا خرد
جو چاہے آپ کا حسنِ کرشمہ ساز کرے

پڑھ کے تیرا خط مرے دل کی عجب حالت ہوئی
اضطرابِ شوق نے ایک حشر برپا کر دیا

یاد کچھ آئیں اس طرح بھولی ہوئی کہانیاں
کھوئے ہوئے دلوں میں آج درد اٹھا کے رہ گئیں

جز ترے کچھ نظر نہیں آتا
آرزو بن گئی مجسم کیا

(ب)

اس کنجِ دل نشیں میں قبضہ نہ ہو خزاں کا
جو ہو گلوں کا تختہ، تختہ ہو اک جناں کا
بلبل کو ہو چمن میں صیاد کا نہ کھٹکا
خوش خوش ہو شاخِ گل پر، غم ہو نہ آشیاں کا
موسم ہو جوشِ گل کا اور دن بہار کے ہوں
عالم عجیب دل کش ہو اپنے گلستاں کا

مِل مِل کے ہم ترانے حبِ وطن کے گائیں
بلبل ہیں جس چمن کے، گیت اس چمن کے گائیں

3۔ سرسید احمد خان کے مضمون کا بلی پر اظہارِ خیال کیجیے۔

یا

مضمون ادب کسے کہتے ہیں میں اطہر پرویز نے ادب کے حوالے سے کیا کہا ہے۔ تفصیل سے لکھیے۔

4۔ حسرت موہانی کی شاعری یا نظم 'مادرِ وطن' کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔

5۔ ذیل میں تین کی تعریف مع مثال لکھیے:

فعل، حرفِ ربط، اسمِ موصول، صفتِ مقداری، ضمیر